BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# 'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن' اس موسم گرما کے دوران لائیو موسیقی، تھیٹر اور بہت سے دلکش ثقافتی پروگرام پیش کر رہا ہے۔

برامپٹن، آن (23 جون 2022) – سٹی آف برامپٹن اس موسم گرما میں 'گارڈن اسکوائر' اور 'روز برامپٹن' دونوں جگہوں پر لطف اندوز ہونے کے لیے لائیو موسیقی، تھیٹر کی تفریح اور رنگا رنگ ثقافتی پروگرام پیش کرنے کے لیے پرجوش ہے۔

پرفارمنگ آرٹس برامپٹن درج ذیل شوز کی میزبانی کر رہا ہے:

**ٹیلز آف این اربن انڈین**
24 اور 25 جون کو، دوپہر 2 بجے اور رات 8 بجے

ٹیلز آف این اربن انڈین میں سائمن ڈگلس کے ناقابل یقین سفر میں ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں۔ ڈیرل ڈینس کا تحریر کردہ، یہ اختراعی ون مین شو ایک ایسے مقامی آدمی کی کہانی بیان کرتا ہے جو شمالی برٹش کولمبیا اور وینکوور شہر کے ماحول میں پلا بڑھا ہوتا ہے۔ ایک چلتی ہوئی برامپٹن ٹرانزٹ بس پر پیش کی جانے والی اس دلچسپ کہانی میں، سامعین جناب سائمن کی بقاء اور امید کی کہانی میں ڈوب جائیں گے۔ اس میں سامعین 40 سے زیادہ کردار ادا کرتے ہوئے سائمن کی آنکھوں سے دنیا کو دیکھتے ہیں۔ پرفارمنس کے 500 سے زیادہ پہلوؤں سے، یہ نیم سوانحی ڈرامہ سامعین کو تعلق، شناخت اور قبولیت کی تلاش میں غرق کر دیتا ہے۔

**برامپٹن کا اپنا شیکسپیئر شو - کچھ نہ ہونے کے بارے میں بہت کچھ :(Much Ado About Nothing)**
چنگواکوسی پارک میں ہر جمعرات کے دن: 28 جولائی، 4 اور 11 اگست کو شام 7:30 بجے
ماؤنٹ پلیزنٹ اسکوائر میں ہر جمعہ کے دن: 29 جولائی، 5 اور 12 اگست کو شام 7:30 بجے
کین وہلینز اسکوائر میں ہر ہفتہ کے دن: 30 جولائی، 6 اور 13 اگست کو شام 7:30 بجے

لوئی دی گوٹ پروڈکشنز (Louie the Goat Productions) اور پرفارمنگ آرٹس برامپٹن کی جانب سے پیش کی جانے والی مداحوں کی اس پسندیدہ کامیڈی سے ہر عمر کے سامعین بھرپور لطف اٹھائیں گے، جس میں ایسے لگتا ہے کہ خوفناک چیزیں تقریباً اصلی صورت میں واقع ہو رہی ہیں۔ چونکہ سٹی آف میسینا ہیرو اور کلاڈیو کی شادی کی تیاری کر رہا ہوتا ہے، پرنس کے مرد حضرات اور لیوناٹو (Leonato) کے خاندان کے لوگ آپس کیوپڈ کھیلنے کی کوسس کرتے ہیں اور دیرینہ حریفوں بیٹریس (Beatrice) اور بینیڈک (Benedick) کے درمیان محبت پیدا کر دیتے ہیں۔ پرنس کا بھائی ہر وقت یہ سب کچھ برباد کرنے کی سازش کرتا رہتا ہے۔ برامپٹن کے تین آؤٹ ڈور مقامات پر پرفارم کرتے ہوئے اور مقامی اداکاروں کی کاسٹ کو پیش کرتے ہوئے، یہ پروڈکشن برامپٹن کی متنوع آبادیوں کی خوبصورتی کی نمائش کرتی ہے۔ ایک کرسی یا کمبل پکڑیں اور اس کلاسیکی اور خاندان دوستانہ کامیڈی پر بیک وقت ہنسنے اور رونے کے لیے آگے بڑھیں۔

**آٹھویں سالانہ ایسٹ کوسٹ کچن پارٹی (8th Annual East Coast Kitchen Party)**

9 جولائی، دن 2 تا رات 8 بجے تک

ٹورانٹو پیئرسن، TD، نو فریلز (No Frills) اور ٹم ہارٹنز کی جانب سے سپانسر کردہ اس ایسٹ کوسٹ کچن پارٹی میں تمام میری ٹائمرز اور مین لینڈرز کی شمولیت – اور وہ لوگ جو محض تجسس رکھتے ہیں – مشرقی ساحل کی ثقافت میں شامل ہو سکتے ہیں۔

اولڈ مین فلینیگنز گھوسٹ، DnA اور دی راؤڈی مین کی پرفارمنس کے لیے میزبان ریبیکا پیری کے ساتھ شامل ہوں۔

**سٹومپ این سٹیمپیڈ (Stomp 'N Stampede)**
13 اگست، دن 4 تا شام 8 بجے تک

اپنی کاؤ بوائے ٹوپی اور جوتے پکڑیں اور شاید ایک ڈانسنگ پارٹنر بھی! اس موسم گرما میں، سٹومپ این سٹیمپیڈ تمام چیزوں کا ملکی جشن منانے کے لیے گارڈن اسکوائر میں واپس آ رہا ہے! DJ جونی ریویکس اسپننگ لائیو کا لطف اٹھائیں اور ڈبل ٹربل لائن ڈانسرز کے لائن ڈانسنگ اسباق سے محروم نہ ہوں۔ فنکاروں کی مکمل لائن اپ جلد آرہی ہے!

**سٹار لائٹ سیچرڈے موویز**

ایک دوست، ایک کمبل یا ایک کرسی اپنے ساتھ رکھیں اور 2 اور 16 جولائی کو گارڈن اسکوائر میں رات 9 بجے سٹار لائٹ سیچرڈے موویز میں شرکت کریں!

2 جولائی - نو ٹائم ٹو ڈائی (No Time to Die)

16 جولائی - بیٹ مین (The Batman)

**مارکیٹ اسکوائر پارکنگ گیراج**

چونکہ سٹی آف برامپٹن، مارکیٹ اسکوائر پارکنگ گیراج کی بحالی کی مرمت کے کام مکمل کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں، یہ 27 جون سے 22 جولائی 2022 تک عارضی طور پر بند رہے گا۔

ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں وزیٹرز اور کاروباروں کے لیے درج ذیل میونسپل پارکنگ لاٹس اور گیراجوں پر پارکنگ دستیاب رہے گی:

- جان اسٹریٹ پارکنگ گیراج، 16 جان سٹریٹ
- سٹی ہال پارکنگ گیراج، 2 ویلنگٹن سٹریٹ ویسٹ
- ویسٹ ٹاور پارکنگ گیراج، 41 جارج سٹریٹ
- نیلسن اسکوائر پارکنگ گیراج، 9 ڈیلاک لین
- جارج سٹریٹ نارتھ سرفیس پارکنگ لاٹ، 20 جارج اسٹریٹ نارتھ

**اقتباسات**

"پرفارمنگ آرٹس برامپٹن میں رواں موسم گرما میں لائیو میوزک، تھیٹر اور ثقافتی پروگراموں کی ایک شاندار لائن اپ کی منصوبہ بندی کی گئی ہے! چاہے آپ شیکسپیئر کے کسی فن پارے سے لطف اندوز ہونے کے خواہاں ہوں، برامپٹن ٹرانزٹ بس میں شو سے لطف اندوز ہوں یا برامپٹن کے ساتھیوں کے ساتھ پارٹی میں شرکت کریں، یہاں ہر ایک کے لیے لطف اندوز ہونے کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور موجود ہے۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن مختلف خوبصورت کمیونٹیز پر مشتمل ہے اور ہمارے منفرد ثقافتی پروگرام ہمارے متحرک شہر میں بہت زیادہ حصہ ڈالتے ہیں۔ 'پرفارمنگ آرٹس برامپٹن' نے ہمارے رہائشیوں اور وزیٹرز کے لطف اندوز ہونے کے لیے مختلف رنگا رنگ شوز اور ایونٹس کا ایک دلچسپ سیزن رکھا ہوا ہے۔ میں ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اپنے کیلنڈرز کو نشان زد کریں اور پورے موسم گرما میں ہمارے ساتھ شامل رہیں!"

*- رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"جولائی تہواروں کا مہینہ ہوتا ہے، خاص طور پر برامپٹن میں! پرفارمنگ آرٹس آپ کو ایسٹ کوسٹ کچن پارٹی میں نیو فاؤنڈ لینڈ کی تفریح میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہے اور سٹومپ این سٹیمپیڈ آپ کو جی بھر کر لطف اندوز ہونے کے لیے مدعو کر رہا ہے۔ یہ دونوں ہر موسم گرما میں گارڈن اسکوائر میں منعقد ہونے والے کبھی نہ بھلائے جانے والے ایونٹس ہیں۔ اگر آپ کو رومانس کے ساتھ مزاح بھی پسند ہے تو، برامپٹن کے اداکاروں کے ایک پرجوش گروپ کی جانب سے پیش کردہ شیکسپیئر کے کچھ نہ ہونے کے بارے میں بہت کچھ (*Much Ado About Nothing*) کے لیے برامپٹن کے تین پارکس میں سے کسی ایک میں تشریف لے جائیں۔ اور کیرابرام (Carabram) کو مت بھولیں! برامپٹن میں یہ جولائی کا مہینہ ہے – تو آئیے اور خوشیاں منائیے!"

- سٹیون شیر، ایگزیکٹو آرٹسٹک ڈائریکٹر، پرفارمنگ آرٹس، سٹی آف برامپٹن

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca